روزنامہ
FR-10
1913ء سے جاری شدہ
الفضل
The ALFAZL Daily
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
web: http://www.alfazl.org
email: editoralfazl@gmail.com
سوموار 16 مئی 2016ء 8 شعبان 1437 ہجری 16 ہجرت 1395 ہش جلد 66-101 نمبر 111

میں عالم الغیب نہیں

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔
تو کہہ دے میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور نہ ہی میں غیب کا علم رکھتا ہوں اور نہ میں تم سے کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں۔ میں اس کے سوا جو میری طرف وحی کی جاتی ہے کسی چیز کی پیروی نہیں کرتا۔ (الانعام:51)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یاد رہے کہ اس پیشگوئی میں کہ سخت زلزلہ آئے گا اور آج بارش بھی ہوگی ایک لطیفہ ہے اور وہ یہ ہے کہ زلزلہ زمین سے متعلق ہے اور بارش آسمان سے آتی ہے پس یہ ایسی پیشگوئی ہے کہ اس میں زمین اور آسمان دونوں جمع کر دیئے گئے ہیں تا پیشگوئی دونوں پہلوؤں سے پوری ہو کیونکہ یہ امر انسان کی طاقت سے باہر ہے کہ وہ اپنی طرف سے ایسی پیشگوئی کرے جس میں زمین اور آسمان دونوں شامل کر دیئے جائیں بلکہ خود یہ امر انسانی طاقت سے باہر ہے کہ عین دھوپ کے وقت جب کہ بارش کا خاتمہ ہو چکا ہو یہ پیشگوئی کرے کہ آج بارش ہوگی اور پھر بارش ہو جائے۔

...... ہزار ہزار خدائے ذوالجلال کا شکر ہے کہ محض اس نے اپنے فضل و کرم سے میری تائید میں یہ نشان دکھلائے اور مجھے طاقت نہیں تھی کہ ایک ذرہ بھی زمین سے یا آسمان سے اپنی شہادت میں کچھ پیش کر سکتا مگر اُس نے جو زمین و آسمان کا مالک ہے جس کی اطاعت کا ذرہ ذرہ اس عالم کا جوا اُٹھا رہا ہے۔ میری تائید میں ایک دریا نشانوں کا بہا دیا اور وہ تائید دکھلائی جو میرے خیال اور گمان میں بھی نہیں تھی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ میں اس لائق نہ تھا کہ میری یہ عزت کی جائے مگر خدائے عزّ وجلّ نے محض اپنی ناپیدا کنار رحمت سے میرے لئے یہ معجزات ظاہر فرمائے۔ مجھے افسوس ہے کہ میں اُس کی راہ میں وہ اطاعت اور تقویٰ کا حق بجا نہیں لا سکا جو میری مُراد تھی اور اس کے دین کی وہ خدمت نہیں کر سکا جو میری تمنا تھی۔ میں اس درد کو ساتھ لے جاؤں گا کہ جو کچھ مجھے کرنا چاہئے تھا میں کر نہیں سکا لیکن اُس خدائے کریم نے میرے لئے اور میری تصدیق کے لئے وہ عجائب کام اپنی قدرت کے دکھلائے جو اپنے خاص برگزیدوں کے لئے دکھلاتا ہے۔ اور میں خوب جانتا ہوں کہ میں اس عزت اور اکرام کے لائق نہ تھا جو میرے خداوند نے میرے ساتھ معاملہ کیا۔ جب مجھے اپنے نقصان حالت کی طرف خیال آتا ہے تو مجھے اقرار کرنا پڑتا ہے کہ میں کیڑا ہوں نہ آدمی۔ اور مُردہ ہوں نہ زندہ۔ مگر اس کی کیا عجیب قدرت ہے کہ میرے جیسا ہیچ اور ناچیز اس کو پسند آ گیا اور پسندیدہ لوگ تو اپنے اعمال سے کسی درجہ تک پہنچتے ہیں مگر میں تو کچھ بھی نہیں تھا۔ یہ کیا شانِ رحمت ہے کہ میرے جیسے کو اُس نے قبول کیا۔ میں اس رحمت کا شکر ادا نہیں کر سکتا۔ دنیا میں ہزاروں آدمی ہیں کہ الہام اور مکالمہ الٰہیہ کا دعویٰ کرتے ہیں مگر صرف مکالمہ الٰہیہ کا دعویٰ کچھ چیز نہیں ہے جب تک اُس قول کے ساتھ جو خدا کا سمجھا گیا ہے خدا کا فعل یعنی معجزہ نہ ہو۔ جب سے دنیا پیدا ہوئی ہے خدا کا قول خدا کے فعل سے شناخت کیا گیا ہے۔ ورنہ کون معلوم کر سکتا ہے کہ وہ ایک قول جو پیش کیا گیا ہے وہ خدا کا قول ہے یا شیطان کا؟ یا وسوسہ نفسانی ہے خدا کا قول اور خدا کا فعل لازم ملزوم ہیں یعنی جس پر درحقیقت خدا کا قول نازل ہوتا ہے اس کی تائید میں خدا کا فعل بھی ظہور میں آتا ہے یعنی اس کی پیشگوئیوں کے ذریعہ سے عجائبات قدرت اس قدر ظاہر ہوتے ہیں کہ خدا کا چہرہ نظر آ جاتا ہے تا ثابت ہو جائے کہ اس کا الہام خدا کا قول ہے۔

(الفضل 28۔اپریل 2010ء)

40 نفلی روزوں کی تحریک

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ 7۔اکتوبر 2011ء کو دعاؤں اور عبادات کے ساتھ ساتھ نفلی روزہ رکھنے کی تحریک فرمائی تھی۔ حضور انور نے اپنے خطبہ جمعہ 12 فروری 2016ء کے خطبہ جمعہ میں چالیس نفلی روزوں کی تحریک کرتے ہوئے فرمایا۔

’’چند سال ہوئے میں نے بھی کہا تھا کہ جماعت کو روزے رکھنے چاہئیں اور جماعت میں ابھی تک بعض ایسے ہیں جو اس پر قائم ہیں اور روزے رکھتے ہیں۔ کم از کم اب ہمیں چاہئے کہ چالیس روزے ہفتہ وار ہی رکھیں۔ یعنی چالیس ہفتوں تک خاص طور پر روزے رکھیں، دعائیں کریں، نفل ادا کریں اور صدقات دیں۔ کیونکہ بعض جگہ جماعت کے جو حالات ہیں ان میں بہت زیادہ سختی اور شدت آتی جارہی ہے۔ جب ہم اللہ تعالیٰ کے حضور چلّائیں گے تو جس طرح بچے کے رونے سے ماں کی چھاتیوں میں دودھ اتر آتا ہے، آسمان سے ہمارے رب کی نصرت...... نازل ہوگی اور وہ روکیں اور مشکلیں جو ہمارے راستے میں ہیں وہ دُور ہو جائیں گی۔‘‘

(روزنامہ الفضل 22 مارچ 2016ء)

دعا کی خصوصی درخواست

روزنامہ الفضل اور ماہنامہ انصاراللہ کے پرنٹر مکرم طاہر مہدی امتیاز احمد صاحب وڑائچ 30 مارچ 2015ء سے ماہنامہ انصاراللہ کے حوالہ سے ایک جھوٹے مقدمہ میں گرفتار ہیں۔ احباب کرام سے تمام اسیران راہ مولا اور مقدمات میں ملوث تمام افراد کی باعزت رہائی کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 6 روپے

مرسلہ :نظارت اصلاح و ارشاد مرکزیہ

خطبات امام وقت
سوال و جواب کی شکل میں

خطبہ جمعہ یکم اپریل 2016ء

س:حضور انور نے اس خطبہ کے آغاز میں کیا بیان فرمایا؟

ج:فرمایا:گزشتہ خطبہ میں میں نے حضرت مسیح موعود کا ایک اقتباس پڑھا تھا جس میں آپ نے فرمایا تھا کہ تم لوگ جو میرے زمانے میں پیدا ہوئے ہو خوش ہو اور خوشی سے اچھلو کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں اس زمانے میں پیدا کر کے ان خوش قسمتوں میں میں شامل کر دیا جنہیں مسیح موعود کا زمانہ دیکھنے کو ملا۔ پس اس بات پر ہم اللہ تعالیٰ کا جتنا بھی شکر ادا کریں کہ اس نے ہماری سیدھے راستے کی طرف رہنمائی فرمائی اور ہمیں زندگی کے مختلف مواقع پر اٹھنے والے سوالوں اور مسائل کے حل بھی صحیح اسلامی تعلیم کے مطابق اپنے بھیجے ہوئے امام کے ذریعہ سے بتائے۔

س:ہڑتالیں ہونے کی بنیادی وجہ حضرت مصلح موعود نے کیا بیان فرمائی؟

ج:فرمایا: ایک خطبہ میں حضرت مصلح موعود نے اس مضمون کو بیان فرمایا کہ ہڑتالیں یا سٹرائیکس جائز ہیں یا نہیں اس بارے میں اصولی طور پر یہ بھی دیکھنا چاہیے کہ ہڑتالیں کیوں ہوتی ہیں اس کی بنیادی وجہ کیا ہے۔ وہ یہ ہے کہ حقوق کی ادائیگی نہیں ہوتی۔ مالک مزدور کے مزدور مالک کے اور حکمران رعایا کے اور رعایا حکمرانوں کے حقوق ادا نہیں کرتے۔ تو بے چینی پیدا ہوتی ہے۔ آپس میں بھائی بھائی سمجھ کر اپنے اپنے حق ادا کرنے کی کوشش کرو تو نظام بھی خراب نہیں ہوتا۔

س:ہڑتالوں کی بابت حضرت مصلح موعود نے احباب جماعت کو کیا نصیحت فرمائی؟

ج: حضرت مصلح موعود اس سلسلہ میں بیان فرماتے ہیں کہ حضرت مسیح موعود کے زمانے میں جب کبھی سٹرائیک ہوتی اور کوئی احمدی اس میں شریک ہوتا تو حضرت مسیح موعود اسے سخت سزا دیتے اور اس پر اظہار ناراضگی فرماتے۔

س: فرائض کی ادئیگی کے حوالہ سے حضرت مصلح موعود نے کیا وضاحت فرمائی؟

ج: فرمایا! حضرت مصلح موعود نے فرمایا کہ دیکھو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بیویوں کے حقوق بھی ادا کرتے تھے اور اتنی توجہ سے ادا کرتے تھے کہ ہر بیوی سمجھتی تھی کہ سب سے زیادہ میں ہی آپ کی توجہ کے نیچے ہوں۔ پھر بیوی بھی ایک نہیں۔ آپ کی نو بیویاں تھیں اور نو بیویوں کے ہوتے ہوئے ایک بیوی بھی یہ خیال نہیں کرتی تھی کہ میری طرف توجہ نہیں کی جاتی چنانچہ عصر کی نماز کے بعد رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول تھا کہ آپ ساری بیویوں کے گھروں میں ایک چکر لگاتے اور ان سے ان کی ضرورتیں دریافت فرماتے۔ پھر بعض دفعہ خانگی کاموں میں آپ ان کی مدد بھی فرما دیتے۔ اس کام کے علاوہ جو ابھی بیان ہوئے ہیں اور بھی بیسیوں کام ہیں جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سرانجام دیتے۔ آپ کی زندگی کا کوئی لمحہ ایسا نہیں جو فارغ ہو مگر آپ بھی اسی ملک میں رہتے ہیں جہاں جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ یہ ملیریا کی بیماری کا ملک ہے کیونکہ ایشیا اور افریقہ کے بہت سے ممالک میں رہنے والے لوگ اپنی سستی کی وجہ ،کام نہ کرنے کی وجہ اس علاقے میں رہنا بیان کرتے ہیں کہ یہاں ملیریا کا علاقہ ہے اور سستی پیدا ہو جاتی ہے بیماریاں بہت پیدا ہوتی ہیں۔

س: حضرت مصلح موعود نے حضرت مسیح موعود کی فرائض کی ادائیگی کی کیا کیفیت بیان کی ہے؟

ج: فرمایا! حضرت مصلح موعود کہتے ہیں کہ حضرت مسیح موعود کو ہم نے دیکھا ہے کہ کام کی یہ حالت ہوتی تھی کہ ہم جب سوتے تو آپ کو کام کرتے دیکھتے اور جب آنکھ کھلتی تب بھی آپ کو کام کرتے دیکھتے اور باوجود اتنی محنت اور مشقت برداشت کرنے کے جو دوست آپ کی کتابوں کے پروف پڑھنے میں شامل ہوتے آپ ان کے کام کی بہت قدر فرماتے۔ غرض اس قدر کام کرنے کی عادت ہم نے حضرت مسیح موعود میں دیکھی ہے کہ اس کی وجہ سے ہمیں حیرت آتی تھی۔ بیماری کی وجہ سے بعض دفعہ آپ کو ٹہلنا پڑتا تھا مگر اس حالت میں بھی آپ کام کرتے جاتے تھے۔ سیر کیلئے تشریف لے جاتے تو راستے میں بھی مسائل کا ذکر کرتے اور سوالات کے جوابات دیتے حالانکہ حضرت مسیح موعود بھی اسی ملیریا زدہ علاقے میں رہنے والے تھے۔

س: حضور انور نے عورت کا مستقبل محفوظ رکھنے کی بابت کون سا دینی طریق بیان فرمایا؟

ج: فرمایا!ادین حق میں عورت کا مستقبل محفوظ کرنے کے مختلف طریقے ہیں ایک یہ بھی ہے کہ جب اس کی شادی ہو تو اس کے لئے حق مہر رکھا گیا ہے اس لئے اس کی ادائیگی ہونی چاہیے۔ بعض لوگ سمجھتے ہیں کہ صرف طلاق یا علیحدگی کی صورت میں ہی حق مہر ادا کرنا ہے حالانکہ مقصد یہ ہے کہ یہ وہ رقم ہے جو عورت کے پاس ہونی چاہیے تا کہ بعض دفعہ اس کو کوئی ضرورت ہو، کوئی خاص خرچ اس کے اوپر آپڑے تو اس میں سے وہ خرچ کر سکے یا بعض وقت ایسی ضرورت پیش آسکتی ہے جو موقع پر خاوند بھی پوری نہیں کر سکتے تو عورت کے پاس کچھ ہو تو تبھی وہ اپنی ضرورت پوری کر سکتی ہے۔ بعض خاوند حق مہر کی ادائیگی تو علیحدہ رہی عورت جو اپنی کمائی کر رہی ہوتی ہے اس پر بھی پابندی لگا دیتے ہیں کہ تم نے ہمارے پوچھے بغیر خرچ نہیں کرنا یا ہمیں دو۔ جو سراسر ناجائز چیز ہے۔ اسی طرح بعض غریب خاندانوں اور ملکوں میں رواج ہے کہ والدین شادی کے وقت حق مہر لڑکی کے خاوند یا سسرال سے خود وصول کر لیتے ہیں۔ یہ بھی غلط چیز ہے یہ تو لڑکیوں کو بیچنے والی بات ہے جس کی دین حق سخت ممانعت کرتا ہے۔

س: حضرت مصلح موعود نے حق مہر کی معافی کا کون سا واقعہ بیان فرمایا؟

ج: فرمایا! حضرت مسیح موعود کے ایک رفیق حضرت حکیم فضل دین صاحب کی دو بیویاں تھیں ایک دن حضرت مسیح موعود نے فرمایا کہ مہر شرعی حکم ہے اور ضرور عورتوں کو دینا چاہیے۔ اس پر حکیم صاحب نے کہا کہ میری بیویوں نے مجھے معاف کر دیا ہوا ہے۔ حضرت صاحب نے فرمایا کیا آپ نے ان کے ہاتھ میں رکھ کر معاف کرایا تھا کہنے لگے نہیں حضور یونہی کہا تھا اور انہوں نے معاف کر دیا۔ حضرت صاحب نے فرمایا۔ پہلے آپ ان کی جھولی میں ڈالیں پھر اس کو معاف کروائیں یہ بھی ادنیٰ درجہ ہے اصل بات یہی ہے کہ مال عورت کے پاس کم از کم ایک سال رہنا چاہئے اور پھر اس عرصے کے بعد اگر وہ معاف کرے تو پھر درست ہے۔ چنانچہ انہوں نے قرض اٹھا کر دونوں بیویوں کا حق مہر ادا کر دیا۔ مگر انہوں نے واپس دینے سے انکار کر دیا۔

س: جماعتی روایات کی پابندی کرنے کے حوالہ سے حضور انور نے کیا تاکیدی نصیحت فرمائی؟

ج: فرمایا! بعض لوگ نقل میں ہی ایسی حرکتیں کر جاتے ہیں جو جماعتی روایات کے خلاف ہوتی ہیں یا دینی تعلیم سے مطابقت نہیں رکھتیں ایسے لوگ عہدے داروں میں بھی پائے جاتے ہیں بعض دفعہ مقامی انجمنیں بھی ایسے فیصلے کر لیتی ہیں۔ حضرت مصلح موعود نے فرمایا ہے کہ میں جماعت کے لوگوں کو نصیحت کرتا ہوں کہ وہ اپنے تمام کاموں میں شریعت کی پیروی کیا کریں۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کیا کریں اور حضرت مسیح موعود کی پیروی کیا کریں۔

س: حضور انور نے قبولیت دعا کے ضمن میں کیا بیان فرمایا؟

ج: فرمایا! حضرت مصلح موعود بیان فرماتے ہیں کہ خدا دعا کو قبول دو طرح سے کرتا ہے یا تو ضرورت پوری کر دیتا ہے یا پھر خواہش کو ختم کر دیتا ہے۔ حضرت مسیح موعود کو ایک شخص نے لکھا کہ دعا کریں کہ فلاں عورت کے ساتھ میرا نکاح ہو جائے۔ آپ نے فرمایا کہ ہم دعا کریں گے مگر نکاح کی کوئی شرط نہیں ہے خواہ نکاح ہو جائے خواہ اس سے نفرت پیدا ہو جائے تو آپ نے دعا فرمائی اور چند روز بعد اس نے لکھا کہ میرے دل میں اس سے نفرت پیدا ہو گئی ہے۔ حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں اسی طرح مجھے بھی ایک شخص نے ایسا لکھا تھا اور میں نے بھی حضرت مسیح موعود کی اتباع میں اسے یہی جواب دیا تھا اور اس نے بعد میں مجھے اطلاع دی کہ اس کے دل سے اس کا خیال جاتا رہا۔ پس اللہ تعالیٰ دونوں صورتوں میں مدد کرتا ہے یعنی اصل چیز یہ ہے کہ یا جس کی خواہش کی جا رہی ہے وہ خواہش پوری ہو جائے یا پھر وہ خواہش ہی مٹ جائے دل سے۔ پس اصل چیز یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رضا اور اس کے فیصلہ کو اہمیت دیتے ہوئے دعا کی جائے۔

س: دنیا میں کوئی چیز اپنی ذات میں نقصان دہ نہیں، حضرت مصلح موعود نے اس کی بابت کیا ارشاد فرمایا؟

ج: حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں کہ کچلا ہے یہ بھی ایک زہر ہے اس کے کھانے سے کئی لوگ مر جاتے ہیں لیکن لاکھوں لاکھ انسان اس سے بچتے بھی ہیں یعنی کہ علاج کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ اسی طرح بہت بڑی تباہی والی چیز افیون ہے لیکن اس کی تباہی کے مقابلے میں اس کے فوائد بہت زیادہ ہیں۔ حضرت مسیح موعود فرمایا کرتے تھے کہ اطباء کا قول ہے کہ طب کی آدھی دوائیں ایسی ہیں جن میں افیون استعمال ہوتی ہے اور اس کا اتنا فائدہ ہے کہ اندازہ لگانا مشکل ہے۔ پس دنیا میں کوئی چیز بھی ایسی نہیں جو اپنی ذات میں نقصان دینے والی ہو۔ نقصان دینے والی چیز صرف غلط استعمال ہے جو انسان کی اپنی کوتاہیوں کا نتیجہ ہوتا ہے۔

س: دعا کی قبولیت کے سلسلہ میں حضرت مصلح موعود نے کون سی بنیادی شرائط بیان فرمائی ہیں؟

ج: حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے دعا کی قبولیت کے لئے دو بنیادی شرطیں ہیں ان کو یاد رکھنا چاہئے کہ فلیستجیبوا لی کہ میری بات مانو اور مجھ پر ایمان لاؤ۔ اس کے علاوہ بھی بہت ساری باتیں ہیں درود بھیجو صدقہ دو لیکن بہرحال قرآن شریف میں آیا ہے ان چیزوں کا دو باتوں کا بعض مجھے لکھ بھی دیتے ہیں بہت سارے لوگ کہ ہم نے بہت دعائیں کیں اللہ تعالیٰ نے ہماری دعائیں قبول نہیں کیں۔ یہ اللہ تعالیٰ پر الزام ہے۔ اصل میں یہ ایمان کی کمزوری بھی ہے۔ کچھ عرصہ ہوا ہے ایک شخص میرے پاس آیا کہ میں نے بہت دعائیں کی ہیں میری قبول نہیں ہوئیں کیا وجہ ہے۔ میں نے اسے یہی کہا کہ اللہ تعالیٰ تو یہ کہتا ہے کہ میرے حکموں پر چلو تو کیا تم اللہ تعالیٰ کے جو تمام حکم ہیں ان پر چلتے ہو۔ وہ کہنے لگا نہیں تو پھر پہلے اپنی حالتوں کو ہمیں دیکھنا چاہئے کہ ہم کس حد تک عمل کر رہے ہیں۔

س: جمعہ کے بعد حضور انور نے کس کا نماز جنازہ پڑھایا؟

ج: مکرم سید اسد الاسلام شاہ صاحب آف گلاسگو ابن مکرم سید نعیم شاہ صاحب 24 مارچ 2016ء کو 40 سال کی عمر میں ایک شرپسند کے حملہ کے نتیجہ میں وفات پا گئے۔

☆......☆......☆

مکرم حبیب احمد صاحب

کائنات کا آغاز اور حضرت مسیح موعودکا قرآن کریم کی صداقت پر مبنی ایک حیرت انگیز انکشاف

حضرت مسیح موعودفرماتے ہیں۔

’’اس وقت خدا تعالیٰ نے مذہبی امور کو قصے اور کتھا کے رنگ میں نہیں رکھا ہے، بلکہ مذہب کو ایک سائنس (علم) بنادیا ہے اور یہی وجہ ہے کہ یہ زمانہ کشف حقائق کا زمانہ ہے۔ جبکہ ہر بات کو علمی رنگ میں ظاہر کیا جاتا ہے۔ میں اس لئے ہی بھیجا گیا ہوں کہ ہر اعتقاد کو اور قرآن کریم کے قصص کو علمی رنگ میں ظاہر کروں۔‘‘

انسانیت اور اس کائنات کا آغاز کیسے ہوا؟ یہ زمین آسمان کیا ہمیشہ سے ہی ایسے ہیں اور ہمیشہ اسی طرح رہیں گے؟ اس کائنات کے آغاز میں کیا تھا؟ کیا اس کائنات کا کوئی انجام ہے؟ یہ سوالات اور ان جیسے بہت سے سوالات یقیناً ہر انسانی ذہن میں ابھرتے ہیں اور فطرتاً ایک انسان ان سوالات کے جوابات چاہتا ہے کہ جس کائنات میں وہ آباد ہے وہ اس کے متعلق جان سکے اور اس کے عمیق درعمیق رازوں سے پردہ اٹھا سکے۔ انہی سوالات میں سے ایک سوال یہ بھی ہے کہ ہماری کائنات کا آغاز کیسے ہوا اور ابتدا میں اس کی کیا شکل تھی؟ اس کے متعلق قرآن کریم نے آج سے چودہ سو سال قبل یہ انکشاف کیا کہ

ترجمہ: کیا انہوں نے دیکھا نہیں جنہوں نے کفر کیا کہ آسمان اور زمین دونوں مضبوطی سے بند تھے پھر ہم نے اُن کو پھاڑ کر الگ کر دیا اور ہم نے پانی سے ہر زندہ چیز پیدا کی۔ (الانبیاء:31)

ان آیات کریمہ سے معلوم ہوتا ہے کہ پہلے یہ تمام کائنات اور اس میں موجود تمام مادہ آپس میں ملا ہوا اور بند تھا اور پھر خدا نے اس کو پھاڑ کر علیحدہ کیا اور اس کائنات نے وسعت پانا شروع کی۔ اس آیت کریمہ میں پیدائش عالم کی ایسی حقیقت بیان کی گئی ہے جو اس صدی سے پہلے لوگوں کو معلوم نہیں تھی۔

BIG BANG کائنات کی پیدائش کے بارہ میں پیش کیا جانے والا ایک سائنسی نظریہ ہے جس کے مطابق کائنات کی پیدائش ایک انتہائی کثیف اور آتشی حالت میں ہوتی ہے اور پیدائش کا یہ واقعہ آج کے دور سے تقریباً 13 ارب 70 کروڑ سال قبل ظہور پذیر ہوا۔

موجودہ سائنسی معلومات کے مطابق یہ کائنات ایک ایسے مقام سے پھیلنا شروع ہوئی ہے کہ جب اس کا تمام کا تمام مادہ اور توانائی ایک انتہائی کثیف اور گرم مقام پر مرکوز تھا۔ مگر اس کثیف اور گرم نقطے سے پہلے کیا تھا؟ اس پر تمام طبعیات دان متفق نہیں ہیں۔ BIG BANG کی اصطلاح آج سے (13.7x109) سال قبل سے لے کر مرکزی تالیف (NUCLEU SYNTHEISIS) کے ذریعے ابدی مادے (PRIMORDIAL MATTER) کی نوعیت کی تشریح تک کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔

BIG BANG کے نظریہ کی بنیاد میلون سلیفر (MELVIN SLIPHER) کے اس عظیم الشان انکشاف کا نتیجہ تھا کہ ہماری کہکشاں کے اردگرد موجود دوسری GALAXIES مسلسل پرے ہٹ رہی ہیں۔ یہ دریافت 1912ء میں منظر عام پر آئی اور پھر ہبل (Hubble) نے 1920ء میں اس عظیم الشان انکشاف کی تصدیق کی کہ ہمارے ماحول میں موجود کہکشاؤں میں فاصلہ حیرت انگیز طور پر بڑھ رہا ہے۔

یہ انکشاف بھی کامل طور پر قرآن کریم کی صداقت کا منہ بولتا ثبوت ہے جیسا کہ خدا تعالیٰ قرآن کریم میں بیان فرماتا ہے: کہ ہم نے آسمان کو ایک خاص قدرت سے بنایا اور یقیناً ہم وسعت دینے والے ہیں۔

چنانچہ معروف سائنسدان STEPHEN W. HAWKING اپنی کتاب BRIEF HISTORY OF TIME کے صفحہ نمبر 123 پر اس قرآنی بیان کی یوں تصدیق کرتا ہے:

The Universe is expanding. This means that at earlier times objects would have been closer together. In fact, it seemed that there was a time, about ten or twenty thousand million years ago, when they were all at exactly the same place and when, therefore, the density of the universe was infinite.

کائنات مستقل وسعت پذیر ہے۔ یعنی آج سے پہلے یہ کائنات آج کی نسبت مختصر تھی اور پھر اس سے پہلے اس سے بھی زیادہ مختصر اور ابتداء میں کائنات ایک نکتہ کی حالت میں بند تصور کی جاتی ہے اور اس کا کوئی وجود نہ تھا۔

(BRIEF HISTORY OF TIME (BY STEPHEN W. HAWKING

گو عالمی طور پر Big Bang کا نظریہ 1912ء میں منظر عام پر آیا۔ مگر بانی جماعت احمدیہ حضرت مرزا غلام احمد قادیانی نے اس نظریہ کے حیرت انگیز انکشاف کا ذکر اپنی معرکۃ الآراء کتاب ...... میں ان الفاظ میں فرمایا کہ:

اللہ جل شانہ فرماتا ہے:...... (الانبیاء:31)

’’کیا کافروں نے آسمان اور زمین کو نہیں دیکھا کہ گٹھڑی کی طرح آپس میں بندھے ہوئے تھے اور ہم نے ان کو کھول دیا‘‘۔

اور قرآن کریم سے اخذ شدہ اپنے اس بیان پر آپ نے اپنے زمانہ کے محققین کی تحقیقات کو گواہ ٹھہرایا جیسا کہ آپ نے یہ الفاظ استعمال فرمائے ہیں کہ:

’’حال کی تحقیقاتیں بھی اس کی مصدق ہیں کہ عالم کبیر بھی اپنے کمال خلقت کے وقت تک ایک گٹھڑی کی طرح تھا‘‘۔

اور مزید حیرت کی بات یہ ہے کہ یہ کتاب حضرت مسیح موعود نے 1896ء میں تصنیف فرمائی جو ٹھیک 16 برس قبل نظریہ بگ بینگ کی دریافت کے ہے۔

یہاں یہ خیال بھی اٹھ سکتا ہے کہ جب یہ نظریہ پہلے سے موجود تھا تو اسے حضرت مسیح موعود سے کیوں منسوب کیا جائے؟ یہ بات بالکل بجا ہے کہ کائنات کے آغاز کے متعلق یہ نظریہ پہلے سے موجود تھا مگر قابل غور بات یہ ہے کہ حضرت مسیح موعود کے وقت میں یہ محض ایک نظریہ تھا جبکہ آپ نے اس کو اپنی تحریرات میں قرآن کریم کی آیات کے تناظر میں ایک ثابت شدہ حقیقت کے طور پر پیش کیا ہے جبکہ سائنسی دنیا میں اس نظریہ کو ایک ثابت شدہ حقیقت کے طور پر MELVIN SLIPHER کے 1912ء میں اس انکشاف کو تسلیم کیا گیا تھا کہ ہماری کہکشاں کے اردگرد موجود دوسری GALAXIES مسلسل پرے ہٹ رہی ہیں۔

حضرت مسیح موعود کا انکشاف دراصل قرآن کریم کی صداقت اور الہامی کتاب ہونے کی بیّن دلیل ہے۔ جہاں انسان اس بات سے ورطہ حیرت میں ڈوب جاتا ہے کہ قادیان جیسی گمنام بستی میں جہاں سائنسی علوم سے واقفیت اور اس زمانہ کی تحقیقات کے معلوم کرنے کی کوئی ایسی سہولت نہ تھی جیسی کہ آج کے دور میں موجود ہیں، نہ حضرت مسیح موعود کو کامل طور پر انگریزی زبان پر عبور حاصل تھا مگر ان تمام رکاوٹوں کے باوجود حضرت مسیح موعود نے اس گمنام بستی میں رہتے ہوئے یہ عظیم الشان انکشاف فرمایا۔

چنانچہ آپ فرماتے ہیں:

’’اس وقت جو ضرورت ہے۔ وہ یقیناً سمجھ لو۔ سیف کی نہیں بلکہ قلم کی ہے۔ ہمارے مخالفین نے (دین) پر جو شبہات وارد کئے ہیں اور مختلف سائنسوں اور مکائد کی رو سے اللہ تعالیٰ کے سچے مذہب پر حملہ کرنا چاہا ہے۔ اس نے مجھے متوجہ کیا ہے کہ میں قلمی اسلحہ پہن کر اس سائنسی اور علمی ترقی کے میدان کارزار میں اتروں اور (دین) کی روحانی شجاعت اور باطنی قوت کا کرشمہ بھی دکھلاؤں۔ میں کب اس میدان کے قابل ہو سکتا تھا۔ یہ تو صرف اللہ تعالیٰ کا فضل ہے اور اس کی بے حد عنایت ہے کہ وہ چاہتا ہے کہ میرے جیسے عاجز انسان کے ہاتھ سے اس کے دین کی عزت ظاہر ہو‘‘۔

گو ظاہری اسباب کے لحاظ سے مغرب کے سائنسدانوں نے ہی کائنات کے آغاز کے اسرار ورموز سے پردہ اٹھایا مگر یہ بھی قرآن کریم کی عظیم الشان صداقت کا ہی منہ بولتا ثبوت ہے جیسا کہ سورۃ الانبیاء آیت 31 کی تشریح میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے ایک نہایت لطیف نکتہ یہ بیان کیا ہے کہ:

’’یہاں معنی خیز بات یہ ہے کہ اس آیت میں بالخصوص غیر مسلموں کو مخاطب کیا گیا ہے۔ شاید اس میں حکمت یہ ہے کہ مذکورہ بالا راز سے غیر مسلموں نے پردہ اٹھانا تھا۔ مقصد یہ تھا کہ اس طرح یہ امر قرآن کریم کی صداقت کا زندہ نشان بن کر اس کے سامنے آجائے‘‘

پس جہاں ایک طرف قرآن کریم کی یہ پیشگوئی پوری ہوئی کہ کائنات کے آغاز کے راز سے پردہ غیر مسلموں نے اٹھایا وہاں حضرت مسیح موعود نے آج سے چودہ سو سال قبل قرآن کریم میں بیان فرمودہ کائنات کے آغاز کی حقیقت کو تمام مغربی اقوام کے سامنے ایک مسلمہ حقیقت کے طور پر بیان کر کے ان پر یہ حجت تمام کر ڈالی کہ اگر یہ انسان کا کلام ہے تو یہ کیسے ممکن تھا کہ ان امور کا ذکر آج سے چودہ سو سال قبل قرآن کریم میں کیا جاتا جن کے متعلق آج سے پہلے انسان سوچ بھی نہیں سکتا تھا چنانچہ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

’’آج کل کی تحقیقات پر بڑا فخر کیا جاتا ہے مگر جس شخص نے مقدس اسلام کے بانی علیہ السلام کے پاک کلام کو پڑھا ہے اسے کس قدر لطف اور مزا آتا ہے جب وہ تیرہ سو برس پیشتر آپ کے پاک ہونٹوں سے نکلی ہوئی باتوں کو پورا ہوتے دیکھتا ہے۔

اب اے نئی تحقیقات پر اترانے والو! خدا کے لئے ذرا انصاف کو کام میں لاؤ اور بتلاؤ کہ کیا وہ مذہب انسانی افتراء ہو سکتا ہے جس میں ایسے حقائق پہلے سے موجود ہوں اور تیرہ سو سال کی محنتوں، تحقیقاتوں اور جانکنیوں کا نتیجہ ہوں۔ یہ قرآن کریم اور ہمارے نبی ﷺ کے معقولی معجزات ہیں۔‘‘

اسی طرح آپ فرماتے ہیں:

’’ہمارا یہ ایمان ہے کہ کوئی فلسفہ اور کوئی سائنس خواہ وہ اپنی اس موجودہ حالت سے ہزار درجہ ترقی کر جاوے مگر قرآن ایک ایسی کامل کتاب ہے کہ یہ نئے علوم کبھی اس پر غالب نہیں آسکتے‘‘۔

یہ دریافت 1912ء میں منظر عام پر آئی کہ کائنات آغاز میں نہایت محدود علاقہ میں مقید تھی جو کہ ایک نقطے سے بھی شاید بڑھ کر نہ ہو جس کی وجہ یہ ہے کہ مادہ کی کشش ثقل ایک دوسرے کو اپنی طرف کھینچتی ہے اور جب اتنی حیرت انگیز مقدار میں مادہ

ایک جگہ موجود ہو اس کی کشش ثقل اتنی زیادہ ہوگی کہ مادہ اس کشش ثقل کے باعث مختصری جگہ میں بند ہو کر رہ جائے گا۔ چنانچہ اب سے 18 سے 20 ارب سال پہلے کائنات ایک مختصری جگہ میں بند تھی کہ ایک عظیم الشان دھماکہ ہوا جسے سائنسی اصطلاح میں Big Bang کہا جاتا ہے اور کسی عظیم الشان قوت نے اس کو پھاڑ کر علیحدہ کیا۔

اس قوت کا ذکر قرآن کریم نے اَیۡدٍ کے لفظ سے سورۃ الذاریات کی آیت نمبر 48 میں کیا ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے فرمایا:

”اس کے معنی ذاتی قوت کے ہیں۔“

یہاں یہ سوال اٹھتا ہے کہ BIG BANG کا محرک کیا تھا اور وہ کون سی قوت تھی جس کے باعث کائنات کا تمام مادہ پھٹا اور اس دھماکہ کے تحت اب تک یہ کائنات وسعت پذیر ہے؟ اور سائنسدان اسے نہ نظر آنے والی قوت کہنے پر مجبور ہیں؟ وہ نظر آنے والی قوت یقیناً اور یقیناً خدا تعالیٰ کا وراء الوریٰ وجود ہے۔ چنانچہ اس عظیم الشان وجود کو ماننے کے لئے سائنس بھی سائنسدانوں کو مجبور کر رہی ہے کہ وہ خدا کی ہستی پر ایمان لے کر آئیں۔ چنانچہ سان فرانسسکو یونیورسٹی کے چیئرمین پروفیسر ایڈورڈ کیسل (Edward Kessel) لکھتے ہیں:

Quite unintentionally science proves that our Universe had a beginning. And in doing so it proves the reality of God, for whatever had a beginning did not begin of itself but demands a Prime Mover, a Creator, a God.

ترجمہ: سائنس یہ ثابت کرتی ہے کہ کائنات کا ایک آغاز ہے اور یہ کہ خدا تعالیٰ ایک حقیقت ہے کیونکہ کوئی بھی چیز از خود پیدا نہیں ہوئی بلکہ اس کی تخلیق ایک علت العلل اور محرک اور خالق یعنی خدا تعالیٰ کے وجود کا تقاضا کرتی ہے۔

(KESSEL, E.L. 1968. Let's look at Facts, without bent or bias. In The Evidence of God in an expanding universe by monsma, J.C.T Thomas Samuel Publishers, India pg 51)

اسی طرح بعض سائنسدان اس قوت کو ایک ایسی انجان قوت کے مشابہ قرار دے رہے ہیں جو کہ اس کائنات کو وسعت دینے میں ایک اہم کردار ادا کر رہی ہے۔

The Universe has been recently commanded by an energy field which is causing it's expansion to accelerate outward.

ترجمہ: زمانہ قریب میں کائنات ایک ایسی انجان قوت کے زیر اثر ہے جو کہ اس کے پھیلاؤ کو باہر کی طرف تیزی سے دھکیل رہی ہے۔

(The Quintessential Universe: Scientific American By Jermiah D. Ostricker and Paul J.Steinhardt)

یقیناً وہ خدا ہی کا دست قدرت تھا جس کے باعث کائنات کا آغاز وجود میں آیا۔

”کیا اُنہوں نے دیکھا نہیں جنہوں نے کفر کیا کہ آسمان اور زمین دونوں مضبوطی سے بند تھے پھر ہم نے اُن کو پھاڑ کر الگ کر دیا اور ہم نے پانی سے ہر زندہ چیز پیدا کی۔“ (الانبیاء:31)

اس آیت کی تشریح میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:-

”ابتداء میں کائنات مضبوطی سے بند کئے ہوئے گیند کی شکل میں تھی جس میں سے کوئی چیز باہر نہیں نکل سکتی تھی۔ پھر ہم نے اس کو پھاڑا اور پھر ساری کائنات اس میں سے پھوٹ پڑی۔“

چنانچہ قرآن کریم ایسا مخزن ہے جس سے ہر زمانہ میں عارف باللہ اپنی استعدادوں کے مطابق خزائن اکٹھے کرتے اور اُنہیں بکھیرتے ہیں۔ اس زمانہ کے امام اور آپ کے خلفاء نے بھی خدا تعالیٰ کے قرآن کریم میں بیان کردہ عظیم الشان معارف کو بیان کر کے آج کے زمانہ کے بڑے بڑے فلاسفروں اور ہیئت دانوں سے نہ صرف (دین) اور قرآن کی حقانیت کا اقرار کروایا بلکہ تمکنت دین مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا باعث بھی بنے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

”بڑا فتنہ اس زمانہ کا دہریت والی سائنس ہے خدانخواستہ اگر اس کو دیرپا مہلت مل گئی تو پھر ساری دنیا دہریہ ہونے کو آمادہ ہو جائے گی۔ سائنس کا اور مذہب کا اس وقت مقابلہ ہے۔ عیسویت ایک کمزور مذہب ہے اس واسطے سائنس کے آگے فوراً گر گیا ہے لیکن (دین حق) طاقتور ہے۔ یہ اس پر غالب آئے گا۔“

(بدر جلد 1 نمبر 14 صفحہ 2 مورخہ 6 جولائی 1905ء)

مکرم عبدالہادی ناصر صاحب

محترم پروفیسر چوہدری محمد علی مظفرؔ عارفی

محترم چوہدری محمد علی صاحب سے میری ذاتی ملاقات اس وقت ہوئی جب میں 1966ء میں لیکچرار تھا۔ اس سے قبل میں آپ کو جانتا تھا۔ مگر ذاتی طور پر آپ سے نہیں ملا تھا۔ سٹاف روم میں مکرم قاضی محمد اسلم صاحب نے میرا تعارف سٹاف سے کروایا۔ چوہدری صاحب نے مسکراتے ہوئے معانقہ کیا اور مجھے Welcome کیا۔ یوں محسوس ہوتا تھا کہ آپ مجھ سے برسوں سے آشنا ہوں۔

مجھے آپ کے ساتھ تعلیم الاسلام کالج کے ہاسٹل میں ٹیوٹر کی حیثیت سے کام کرنے کا موقع ملا، چوہدری صاحب ہوسٹل کے سپرنٹنڈنٹ تھے۔ کالج کے بعد اکثر آپ کے پاس بیٹھنے کا موقع ملتا رہا۔ اس طرح آپ کو قریب سے دیکھنے کا موقع ملا۔

میں نے دیکھا کہ آپ ہاسٹل کے طلباء کا بہت خیال رکھتے تھے۔ آپ ٹیوٹرز کو اکثر کہا کرتے تھے کہ آپ غریب طلباء کا خاص خیال رکھا کریں۔ اور آپ نے یہ بھی فرمایا کہ میرا ذاتی تجربہ ہے کہ غریب طلباء اپنے ساتھی طلباء کے سامنے کبھی بھی اپنی محرومیوں کا تذکرہ نہیں کرتے، نہ اظہار کرتے ہیں، حالانکہ وہ مدد کے قابل ہوتے ہیں۔ ہم ایسے طلباء کی تلاش میں رہتے تھے۔ جب ہمیں ایسے طلباء کا علم ہوتا تو چوہدری صاحب کو آگاہ کرتے۔ جب انہیں ایسے طلباء کا علم ہو جاتا تو ان کی ہر طرح مدد کرتے۔ کسی کی فیس کی رعایت میں کسی کی کتب وغیرہ کسی کے کھانے کا انتظام فرماتے اور ایسے طریق سے کرتے کہ کسی کو خبر نہ ہونے دیتے۔ یہ عمل سالہا سال جاری رہا۔ نہ معلوم آپ کتنے طلباء کی مدد فرماتے رہے۔

آپ ہاسٹل کے طلباء کے احساسات کا بہت خیال رکھتے تھے۔ ایک دفعہ ایک طالب علم اجازت لئے بغیر ہوسٹل سے رات باہر رہا۔ میں نے چوہدری صاحب کو مشورہ دیا کہ آئندہ عشاء کے بعد ہاسٹل کے طلباء کی حاضری کے بعد کسی کو بھی اجازت نہ دی جائے اس پر آپ نے فرمایا۔ ہمیں ہاسٹل کو ہاسٹل ہی رکھنا چاہئے۔ جیل نہیں بنانی چاہئے۔ پھر فرمایا کہ یہ طلباء چند سال مہمان کے طور پر ہمارے پاس رہتے ہیں اور پھر ہم سے ہمیشہ کے لئے بچھڑ جائیں گے۔ بہتر یہ ہے کہ جب وہ یہاں سے جائیں تو وہ ان چند سالوں کو اپنی زندگی کی خوشگوار یادیں تصور کریں اور ہمارے کالج کو قدر کی نگاہ سے دیکھیں۔

آپ طلباء کے ہر دلعزیز استاد تھے۔ فلسفہ کے علاوہ انگریزی بھی پڑھاتے تھے۔ نیز کالج کی دوسری سرگرمیوں میں حصہ لیتے۔ کالج کی کشتی رانی کی ٹیم کے انچارج رہے پھر باسکٹ بال کی ٹیم کے بھی انچارج تھے۔ باسکٹ بال کی ٹیم سارے پاکستان میں مشہور تھی آپ کی محنت سے تعلیم الاسلام کالج کے باسکٹ بال کے اکثر کھلاڑی پاکستان کی نیشنل ٹیم میں شامل ہوئے۔ ملک کے سارے کالجوں میں تعلیم الاسلام کی ٹیم کا شہرہ تھا۔ یہ سب کامیابیاں آپ کی انتھک محنت کا نتیجہ تھیں۔

تعلیم الاسلام کالج کے ہاسٹل میں عام طور پر 50% طلباء غیر از جماعت ہوا کرتے تھے۔ مختلف شہروں اور دیہاتوں سے آ کر داخلہ لیتے۔ آپ ان کے حالات سے آگاہ رہتے۔ ان میں سے بعض طلباء امیر زمیندار گھرانوں سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن آپ کا سلوک سب سے یکساں ہوتا تھا۔ آپ کی شفقت سے کوئی محروم نہیں رہتا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ جب وہ طلباء کالج سے فارغ ہو کر گئے تو ان شفقتوں اور محبتوں کی انمٹ یادوں کو اپنے ساتھ لے گئے اور جب بھی کبھی ان سے سرراہ ملاقات ہو جاتی تو وہ کالج کے بیتے ہوئے خوشگوار دنوں کا ذکر کرتے اور خاص طور پر چوہدری محمد علی صاحب کے حسن سلوک کا تذکرہ کرتے اور کہتے کہ ہمارے والدین نے ہمیں چار سال کے لئے کالج کے سپرد کیا تھا اور چوہدری صاحب نے باپ بن کر ہمارا خیال رکھا جو ہم زندگی بھر نہیں بھول سکیں گے۔

جو کام بھی آپ کے سپرد کیا گیا پوری لگن کے ساتھ آپ نے سرانجام دیا۔ نیز آپ نے اپنی جان، اپنا علم، اپنی محبت، اپنا ایثار، اپنی آرزوؤں کو جماعت کے حضور پیش کر دیا اور اپنی گردن کو خلفاء کی اطاعت میں جھکا دیا اور ایسی وفا کی کہ اس میں ذرہ بھر بھی لغزش نہ آنے دی۔ آپ کا اپنا شعر آپ کے جذبات کی غمازی کرتا ہے۔ ؎

کیوں غرض درمیاں میں آئے
جب کسی سے وفا کرے کوئی

بزم سخن کے آپ روح رواں تھا۔ بزم ادب کی آپ شان تھے۔ تعلیم الاسلام کالج کی بین الکلیاتی Debate جو ہر سال ہوا کرتی تھی اس کے بعد مشاعرہ ہوا کرتا تھا۔ جس میں پاکستان کے مشہور شاعر مدعو کئے جاتے تھے اس مشاعرے کا انتظار اہل ربوہ کو ہوتا۔ جس میں مستورات کے لئے بھی انتظام کیا جاتا تھا۔ ان مشاعروں میں چوہدری محمد علی صاحب کا کلام بڑے اشتیاق سے سنا جاتا تھا۔ اور یہ سلسلہ کئی سالوں تک چلتا رہا۔ جب بھی آپ اپنا کلام سنانے کے لئے ڈائس پر آتے اور اپنی نوٹ بک کھولنے لگتے۔ تو ہال سے طلباء کی آوازیں آنے لگتیں۔ تنہائی۔ تنہائی۔ اور یہ فرمائش طلباء ہر سال کرتے تھے۔ بعض نظمیں شاعروں کی ماسٹر پیس بن جاتی ہیں۔

چوہدری محمد علی صاحب کو جماعت کے مختلف کام کرنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ لیکن آپ کی زندگی کے آخری سالوں میں حضرت مسیح موعود کی بعض کتب کو انگریزی میں ترجمہ کرنے کی جو توفیق پائی۔ آپ کا انجام بخیر ہوا۔ یہ کوئی معمولی بات نہیں اپنی خواہشوں کو قربان کرتے ہوئے 71 سال کام کرنے کے بعد کامیاب و کامران ہو کر اپنے مولیٰ کے حضور حاضر ہو گئے۔ ان کی روح خدا کے حضور کہہ رہی ہوگی۔ ؎

ہم سے دیوانے کہیں ترک وفا کرتے ہیں
جان جائے کہ رہے بات نباہ دیتے ہیں

شنگھائی چین کا اہم صنعتی مرکز

شنگھائی چین کا پہلا شہر ہے جس کی بندرگاہ کو غیرملکی تجارت کے لیے چُنا گیا تھا۔ اسے دنیا کی کامیاب ترین بندرگاہ ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہے۔ اس کا تجارتی مرکز بننے پر چین کی اقتصادی حالت میں نمایاں تبدیلی آئی اور پھر سائنٹیفک بنیادوں پر ترقی دینے کے باعث اس کی شہرت دور دور تک پھیل گئی۔

یہ 31.13 درجے شمال اور 121.25 درجہ مشرق میں دریائے ہوانگ پو (HUANG PU) اور ووسانگ (WUSONG) کناروں پر واقع ہے۔ معنوی اعتبار سے شنگھائی کا مطلب ہے ''سمندر کے کنارے''۔ یہ بحیرہ مشرقی چین کے ساحل پر ایک اہم بندرگاہ کے طور پر بھی مشہور ہے اس کا رقبہ 6 ہزار 185 مربع کلومیٹر ہے اور آبادی 2 کروڑ 37 لاکھ 10 ہزار سے زائد ہے۔ سطح بحر سے اس کی بلندی 20 فٹ ہے۔ عرصہ دراز تک چین کی بیرونی تجارت کا انحصار اس کی بندرگاہ پر ہی رہا تھا۔

7ویں صدی عیسوی میں یہ علاقہ شن یا ہو تو کے نام سے پکارا جاتا تھا۔ شالی سونگ کے حکمرانوں کے دورحکومت (960ء-1126ء) میں یہ ایک معمولی ماہی گیروں کی بستی تھی۔ اس کے بعد جھیل تائی کے مغربی علاقہ کو ترقی دی گئی۔ 11ویں صدی عیسوی کے آغاز پر یہاں محکمہ کسٹم کا دفتر قائم ہوا اور 13ویں صدی عیسوی کے آخر تک شنگھائی کو صوبہ کیانگ کے صدر مقام کی حیثیت حاصل ہو گئی۔ منگ حکمرانوں (1368-1644ء) کے دور میں شہر کی 70 فیصد کپاس یہیں کاشت کی جاتی تھی۔ کپاس کی پیداوار کی وجہ سے یہاں روئی کے کارخانے بھی قائم ہو گئے۔ 18ویں صدی کے وسط میں کپاس کے کارخانوں میں کام کرنے والے لوگوں کی تعداد بیس ہزار تھی۔ 1842ء میں چینیوں کو برطانیوں کے ہاتھوں شکست ہوئی۔ چینیوں نے معاہدہ نانجنگ کی رو سے شنگھائی کو برطانیہ کی عملداری میں دے دیا۔ برطانیہ، فرانس اور امریکہ نے شنگھائی کو مختلف سیکٹروں میں بانٹ لیا اور وہ اپنے علاقوں میں اپنے مخصوص اختیارات استعمال کرنے لگے۔ 1895ء میں یہاں جاپان کو بھی کچھ سہولتیں حاصل ہو گئیں چنانچہ شنگھائی غیرملکی تجارت کا ایک اہم مرکز بن گیا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ یہاں بڑے بڑے یورپی بنک اور تجارتی ادارے قائم ہو گئے۔

